HUZOOR ﷺ صلی اللہ علیہ وسلم

KA MUBARAK BACHPAN



Mu'allif

Sayyad shah Ibraheem Hussaini Banda Nawazi

Roman Translation

Muhammad Thaqi Uddin Attari

Nashir

Sayyad Kazim Hussaini

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

HUZOOR ﷺ KA MUBARAK BACHPAN

Mu'allif

Sayyad Shah Ibraheem Hussaini Banda Nawazi

Roman Translation

Muhammad Thaqi Uddin Attari

Nashir

Sayyad Kazim Hussaini

Kitaab ka Naam	:	Huzoor ﷺ ka Mubarak Bachpan
Mu'allif	:	Sayyad Shah Ibraheem Hussaini Al-Maroof Sayyad Kazim Hussaini
RomanTranslation	:	Muhammad Thaqi Uddin Attari
Nashir	:	Sayyad Kazim Hussaini, Hyderabad, India. Contact: +91 9177396593
Tadaad	:	1000
Isha'at Awwal	:	Rajabul Murajjab 1434 Hijri, May 2013 (Urdu)
Isha'at Duwwam	:	1435 Hijri, 2014 (Roman English)
Composing	:	MS-DTP-CENTRE, Tolichowki, Hyderabad. **msdtpcentre@gmail.com**
Keemat	:	
Milne ka pata	:	• Maktaba Anwar-e-Mustafa, Moghalpura, Hyderabad. Contact: +91 9154079120 • H.B.M Perfumes, Eidi Bazar, Hyderabad. Contact: +91 9866871471 • Student Book Depot, Charminar, Hyderabad



Fehrist



Intisaab

Yaa Mustajabud Dawaat! Meri Iss Haqeer Kawish ka Sawaab Mere Walidain ki Arwaah ko pahucha. Jinhoney Kasbey Halaal ke liye kayi Takleefey uthayi aur Apni Aulaad ki Parwarish ki. Aye Mere Rab Iss ka Sawaab Mere Walidain ko pahucha jo Ab Teri Jawaar Rahmat mey Tere Karam ke Ummidwaar hai. Wo Tere Shaida, Tere Rasool aur unki Aal ke Fidayi the. Tujh se Dua karne ke siwa Main ab inke liye kuch nahi kar sakta. Yaa Arhamar Raahimeen Apne iss Gunahgaar Bandey ki Dua ko Qubool farma aur Sarkaar-e-Do Aalam صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ ke Sadqey wa Tufail mey unhey Aal-e-Rasool ki Ma'iyyat mey rakhiye. Aameen Summa Aameen

Khaak Paaye Ahle Bait
Sayyad Shah Ibraheem Hussaini
(Al-Maroof Sayyad Kazim Hussaini)



Ibteda'iyya

Sab Tareefey uss Zaat ke liye jo Rahmaan bhi hai aur Raheem bhi. Sab Ibadatey aur Sajdey usi ke Layiq hai jo Mabood bhi hai aur Masjood bhi. Tamam Tareefey usi Khaliq-e-Kainaat ke liye hai jo Apni Zaat se Maojood hai aur Apne Wujood se har Aan Iss Kainaat ke har Zarrey ko Takhleeq Amal se paiham Nawaz raha hai aur Shash Jihaat mey usi ki Wujood bakshi se Saare Aalam ko Maojood Numa kar raha hai. Uske Wujood se koi Kharij nahi hai.

Lakhoen Durood aur Salaam Dono Jahan ke Badshah par Jinke baghair Kalima Mukammal hai, Na Eèmaan Mukammal hai.

Lakhoen Durood aur Salaam Muhammad صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمْ ki Zaat Mubarak par ke jinki Zaatey Ba-Barakat ne Aalam ko Touheed ke Noor se Munawwar kiya.

Lakhoen Durood aur Salaam Nazil ho Aapke Humrah Aapke As'haab aur Ahle Bayt par jinki Qurbaniyo se Islam phaila hai.

Lakhoen Rahmato aur Barakato ka Nuzool ho Aapki Ûmmat ke Aulema, Sulaha balke Aam Afraad par.

Khaak Paaye Ahle Bayt

Sayyad Shah Ibraheem Hussaini



LAA ILAHA ILLALLAHU MUHAMMADUR RASOOLULLAH

Allah Taala ne Apne Akhiri Rasool Hazrat Muhammad صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمْ par apni akhiri kitab Quran-e-Majid ko 23 Saal mey Nazil karke inke liye Deen Islam ko Pasand farma kar Mukammal kiya aur Sabiqah Shari'ato ko Mansookh karke Uss Akhiri Ummat-e-Muhammadi ko Apne Sabiqah tamam kitabo aur apne Sabiqah tamam Rasoolo par sirf Eemaan laney ka hukm farmaya aur apne Akhiri Rasool Hazrat Muhammad صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمْ ke zariye Quran-e-Majeed ko Tamam Aalam ke Insaano tak pahuchane ka hukm farmaya jo Inke liye Nasihat wa Hidayat hai aur apne Habeeb-e-Mukarram صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمْ ko Duniya ke tamam Insano aur har Aalam ki Makhlooq ke liye Rahmatul Lil Aalameen bana kar bheja.

Kalima Tayyibah ke maney Paak Kalimey ke hai. Ye Khud bhi Paak hai aur jo Banda iss Kalimey ka Zaban se Iqraar karta hai aur Dil se Tasdeeq karta hai wo bhi Paak ho jata hai yani Iss ka Dil Kufr aur Shirk jaisi Zulmat se Paak ho jata hai aur Touheed ki Daolat se Maamoor ho jata hai. Ye Kalima Eilm-e-Ghalat ko Dil se nikal kar Eilm-e-Sahih ke Noor se Munawwar kar deta hai. Iss Kalimey ke Iqraar wa Tasdeeq se Banda ma'siwa Allah yani tamam Kainaat se kat kar Allah Taala se Jud jata hai. Iss Kalimey ke Zabaan se Iqraar karne par Banda Muslim ho jata hai aur Dil se Tasdeeq karne par Muslim aur Momin ho jata hai. Kalima Tayyibah mey Touheed aur Marifatey Elahi ke Raaz hai. Jisne Kalima Tayyibah ki Marifat-e-Kamil hasil karli wo Khuda ke Qurb mey chala jata hai. Bandey ko Touheed uss waqt hasil hoti hai jab ke wo Allah Taala ki Amanat Allah Taala ke Supurd karde aur Apni Haqeeqat par Nazar rakhe aur Allah Taala

ke Hukm ko Mantey hue kisi Cheez ka Inkar kiye baghair Unn par Qayim rahe aur Marifat-e-Haq ka Dawa karne wala Agar Apni Nazrey har taraf uthaye yani Ma'siwa Haq par uthaye to uski ye harkat uski Marifat-e-Naqis hone ki daleel hai. Isliye ke Haqeeqi Marifat se Aashna har Lazzat se begana ho jata hai. Ye wo Kaifiyat hai jis mey Haqeeqi Marifat se Roo Shanas ho kar Insaan hama waqt Haq Taala ke Anwaar aur Tajalliyaat mey Gum rehta hai aur har Waqt Khuda ke Qurb mey Hazir rehta hai.

Meri Fana hai Baqa Laa Ilaha Illallah
Hai Mujh mey Noor-e-Khuda Laa Ilaha Illallah

Khudi Miti to Khud aaya Khuda Khud mey Nazar
Hami the Isse Juda Laa Ilaha Illallah

(Hazrat Peer Ghousi Shah رَحْمَةُ اللّٰهِ تَعَالٰى عَلَيْه)

Haq Shanasi ka Gar Hunar hona — Khud Shanasi se Behrawar hona
Dawa-e- Abd-o-Rab Abas hai Kamaal — Neest mey Hast Jalwagar hona

(Sayyad Shah Kamaal Uddin Hussaini رَحْمَةُ اللّٰهِ تَعَالٰى عَلَيْه)

Akhir mey Dua hai ke Aye Baari Taala Hamey Peeran-e-Izaam se Jo Uloom inayat hotey hai Uss par Istiqamat ki Toufeeq Baksh aur Hamey har waqt apni taraf Mutawajjey rakh. (Aameen)



NOOR-E-MUHAMMADI صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمْ

Sabse Pehle jab Allah Taala ne ye Pasand kiya ke Uss ko Pehchana jaye to Uss ne Apni Zaat-e-Paak se Ek Noor zahir kiya jis ka Naam Ahmad rakha. Haq Taala ki Tajalli se Jo Awwaleen Cheez zuhoor mey aayi wo Noor-e-Muhammadi صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمْ aur Haqeeat-e-Ahmadi thi. Chunachey Aap ki Zaatey wala Sifaat se Jamee Kainaat ke Haqaiq aur Tafariq aur Tafaseel zahir hote gaye. Agar Aap ki Zaat ki Takhleeq Manzoor Na hoti to ye Zameen aur Aasmaan paida na hotey.

○ كُنْتُ كَنْزًا مَّخْفِيًا فَاَحْبَبْتُ اَنْ اُعْرَفَ فَخَلَقْتُ الْخَلْقَ.

Yani Main Ek Poshida khazana tha phir Maine ye Pasand kiya ke Main Pehchana jao to Maine Makhlooq ko Paida kiya yani Sabse Pehle Haq Taala Ek Poshida Khazana tha jab Usne Chaha ke Uss ko pehchana jaye to Usne Makhlooq ko Paida kiya. Sabse Pehle Ek Noor ko paida kiya jaisa ke Huzoor صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمْ ne farmaya: اَوَّلُ مَاخَلَقَ اللّٰهُ نُوْرِیْ

Ke Allah Taala ne Sab se Pehle Mera Noor paida kiya aur Uss Noor ko Apni Marifat ka Zariya banaya. Ye Usi Zaat-e-Ahadiyat ka Noor hai jis se Noor-e-Ahmadi ka Zuhoor hua aur Usi Noor-e-Ahmadi ka Zuhoor tamam Khaas aur Aam Mazahir par hai. Jab Uss Noor-e-Ahmadi صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمْ ko Farogh dekar Uss ka Zahoor kiya to tamam Mojudaat Zuhoor pazeer hue. Hadees Paak mey hai Haq Taala Huzoor صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمْ se farmata hai: لَوْلَاکَ لَمَا خَلَقْتُ الْاَفْلَاکَ

Yani Agar Aap Na hotey to Aasmaano aur Zameeno ka kisi ka kuch Wujood Na hota. Iss irshad ke mutabik ye Tamam Aasmaan aur Zameen mey jo kuch inn mey hai wo Sab Noor-e-Muhammadi صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمْ hi ka Tufail hai.

Hua Deedar hai Mujh ko Khuda ka
Jo dekha Maine Chehra Mustafa ka

Yahi hai Eilm-e-Tasawwuf ka Khulasa
Muhammad Naam hai Shaan-e-Khuda ka

(Hazrat Sayyad Iftikhaar Ali Shah Watan رَحْمَةُ اللّٰهِ تَعَالٰی عَلَيْه)

Jab tak Na ho Bando par Ehsaan Muhammad ka
Mushkil hai Bahut Mushkil Irfaan Muhammad ka

Eemaa ki Agar pucho Eemaa hai yahi Mera
Jaari hai Zamaney mey Faizaan Muhammad ka

(Hazrat Peer Zaidi Banda Nawazi رَحْمَةُ اللّٰهِ تَعَالٰی عَلَيْه)

﴾Huzoor صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمْ ka Waseela﴿

Hazrat Umar bin Khattab رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُ se Rivayat hai ke Rasoolullah صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمْ ne Irshad farmya-"Jab Adam عَلَيْهِ السَّلَامْ se Bhool hui To Inhoney Bargahe Rabbul Izzat mey Arz kiya ke Aye Parwardigaar Main Aap se Ba-Wastaa-e-Muhammad صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمْ Darkhwast karta hoon ke Meri Maghfirat farma dijiye. Haq Taala ne Irshad farmaya ke Aye Adam Tumne Muhammad صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمْ ko Kaise pehchana Halakey Abhi Maine Inko (Duniya me y) Paida bhi nahi kiya. Arz kiya! Aye Rab Maine Iss Tarah Pehchana ke Jab Aap ne Mujh ko Apne Dastey Qudrat se Paida kiya aur Apni Taraf se Mere andar Rooh Phunki To Maine Sar Uthakar Arsh ke Paayo par ye Likha hua Dekha "Laa Ilaha Illallah Muhammadur Rasoolullah". So Maine Jaan liya ke Aap ne Apne Naam-e-Paak ke Saath Aise hi Shaks ke Naam ko Milaya hoga Jo Aap ke Nazdeek Tamam Makhlooq se Zyada Pyara hoga. Haq Taala ne

Farmaya-"Aye Adam Tum Sachche ho. Waqayi Muhammad صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمْ Mere Nazdeek Tamam Makhlooq se Zyada Pyare hai Aur Jab Tumne Inke Wastey se Mujhse Darkhwast ki hai to Maine Tumhari Maghfirat ki aur Agar Muhammad صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمْ Na hotey to Main Tumhey bhi Paida Naa Karta. (Al-Mustadarak, Imam Hakim رَحْمَةُ اللّٰهِ تَعَالٰى عَلَيْه)

Noor-e-Muhammadi ﷺ ka Pakiza Rehmo mey Muntaqil hona

Hazrat Abdullah bin Abbas رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ farmate hai ke Maine arz kiya Ya Rasoolallah صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمْ Aap kahan the jab Adam عَلَيْهِ السَّلَامْ Jannat mey the. Huzoor صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمْ ne farmaya Main Inki Sulb mey tha aur Jis Waqt Inhey Zameen par Utara gaya Main unki Sulb mey tha aur Mujhe Apne Baap Nooh عَلَيْهِ السَّلَامْ ki Sulb mey Kashti mey Suwaar kiya gaya aur Mujhe Apne Baap Ibraheem عَلَيْهِ السَّلَامْ ki Pusht mey Aag mey dala gaya aur Mere Walidain kabhi bhi Burayi par Nahi miley. Main Paak aur Taahir Pushto se Pakeeza Rehmo mey Muntaqil hota raha hoon. (Ibney Jaozi, Al-Wafa Bil Ahwaal-e-Mustafa صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمْ)

Hazrat Shees عَلَيْهِ السَّلَامْ ki Wasiyat

Haztat Shees عَلَيْهِ السَّلَامْ ne Apne Betey ko Hazrat Aadam عَلَيْهِ السَّلَامْ ki Wasiyat farmayi ke Tumharey Pusht mey Hazrat Muhammad صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمْ ka Noor-e-Mubarak hai. Usey Pakeeza Reham mey Muntaqil karna siwaye Paak Aurato ke kisi ka Reham Iss Noor ka Maskan aur Tikhana Nahin ban sakega. So ye Wasiyat Naslan baada Naslan Huzoor صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمْ ke Nasab Mubarak ka har Fard Apne Betey ko karta raha. Takey ye Noor tamam Zamaano mey Pakeeza Pushto aur Pakeeza Rehmo se Muntaqil hota hua Hazrat Abdullah رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ ki Pusht-e-Mubarak tak Aa Pahucha. (Imaam Qustulaani رَحْمَةُ اللّٰهِ تَعَالٰى عَلَيْه Al Mawahibul Ladunniyya)

Allah Taala Usi ki taraf Ishara karte hue farmata hai: وَتَقَلُّبَکَ فِی السَّاجِدِیْنَ Aur Sajdah karne walo mey (Dekh raha hai) Aap ke Palatne ko (Suratul Shu'ara)

Saajideen se muraad Ahle Eemaan hai yani Allah Taala Aap ko Ahle Eemaan ki Pushto aur Arhaam mey Muntaqil hone ko bhi Dekhta hai. To Hazrat Aadam عَلَیْہِ السَّلَامُ se Hazrat Abdullah رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ tak jo Noor-e-Muhammadi صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمْ Muntaqil ho raha tha Allah Taala Usey Dekh raha tha.

Hazrat Hashim رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ

Wo Noor-e-Muhammadi صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمْ Muntaqil hotey hue Hazrat Hashim رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ tak pahucha to Noor-e-Muhammadi صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمْ Hazrat Hashim رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ ki Peshani se Chamakta tha. Jis taraf Hazrat Hashim رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ nikal jate har Ek Cheez Aapko Sajda karti thi.

Huzoor صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمْ ke Dada Hazrat Abdul Muttallib رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ

Phir wo Noor-e-Mutahhar Hazrat Abdul Muttallib رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ mey Munatqil hua. Hazrat Abdul Muttallib رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ ke Jism se Mushk ki Khushboo aati thi aur Noor-e-Muhammadi صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمْ Hazrat Abdul Muttallib رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ ki Peshani mey chamakta tha. Jab Makka Mukarrama mey Qahet hota to Ahle Quraish Hazrat Abdul Muttallib رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ ka Haath pakad kar Jabal Sabeer par Le jatey aur Unke Wastey aur Waseeley se Allah Taala ki Bargah mey Taqarrub hasil karte aur Baarish ki Dua karte to Allah Taala uss Noor-e-Muhammadi صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمْ ki Barkat se Inhey Baraaney Rahmat se Nawazta tha. (Imaam Baihaqi رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ Dalailul Nubuwwa)

Hazrat Abdul Muttallib رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ ko Haathi ka Sajda karna

Jab Abraha Hakim-e-Yaman Makka Mukarrama par Chadayi ke Iradey se aaya. Usne Ek Shaks ko Safeer banakar Hazrat Abdul Muttallib رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ ke Paas bheja aur Apne Safeer se kaha ke Hazrat Abdul Muttallib رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ

aur deegar Sardaraan-e-Quraish se kaho ke Main Kaaba ko giraney aaya hoon Tum se Ladna Mera Maqsad nahi hai. Jab Safeer Hazrat Abdul Muttallib رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہُ ke paas pahucha aur Hazrat Abdul Muttallib رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہُ ke Chehra-e-Mubarak par uss Safeer ki Nazar padhi. Hazrat Abdul Muttallib رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہُ ki Peshani mey jo Noor-e-Mubarak tha uss Noor par Nazar padhte hi wo Safeer gir kar Behosh ho gaya. Uss se aisi Awaazey aane lagi jaise Zibah ki hui Gaay se aati hai. Bahut daer ke baad wo Safeer hosh mey aaya. Hosh mey aate hi uss Noor-e-Mubarak ke samney Sajdey mey gir padha aur Hazrat Abdul Muttallib رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہُ se Arz kiya ke Beshak Aap Quraish ke Sardaar hai ye kehkar Safeer wapas hogaya.

Hakim-e-Yaman ne Makka Mukarrama par Chadayi ka Mansooba banaya aur Baitullah ke Inhidaam ke liye bahut bada Safaid Haathi laya to Logo ne Hazrat Abdul Muttallib رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہُ ko iski khabar di. Inhoney farmaya Quraish math daro Uss ghar ka Khuda Muhafiz hai. Uske baad Abraha Quraish ki Oont Bakriya hakal kar le gaya. Unn mey Hazrat Abdul Muttallib رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہُ ke bhi Char Sao (400) Oont the.

Hazrat Abdul Muttallib رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہُ Abraha ke paas Tashreef le gaye. Abraha ne Uss Safaid Haathi ko bulaya jo Khana Kaaba ko Munhadim karne ke liye laya gaya tha. Jab Haathi ne Hazrat Abdul Muttallib رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہُ ke Chehra-e-Pur Noor par Nazar dali to Sajdey mey gir gaya. Halankey ye Haathi dusrey Haathiyo ke bar aks Abraha ko bhi Sajda Na karta tha goya ke ye Haathi Haq Taala ki Mashiyyat ke Mutabiq Hazrat Abdul Muttallib رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہُ ke aagey Sar jhuka kar Zabaan-e-Haal se keh raha tha ke Salaam ho Uss par Jo Aye Abdul Muttallib رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہُ tumhari Pusht mey hai. Uss Haathi ke sar par har chand Aankus martey the magar wo Haathi Zameen se sar Na uthata tha. Abraha ye kaifiyat dekh kar Takht se utar aaya aur Hazrat Abdul Muttallib

رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ ko Haathi ke Sajda karne ka Abraha par aisa Asar hua ke wo Hazrat Abdul Muttallib رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ se Be-Inteha Tazeem aur Takreem ke saath pesh aaya aur kaha Aap ki jo bhi Hajaat ho farmaye. Hazrat Abdul Muttallib رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ ne farmaya Tumhare Log hamarey Oont pakad kar laye hai wo Hamey wapas kar do. Abraha ne Tajjub se kaha ke Aap apne Oont ka Mutalba kar rahe hai Kaaba ko Bachaney ke Mutalliq kuch nahi farma rahe hai. Halankey Kaaba se hi Aap ki Izzat hai ye to Bade Hairat mey daalney wali baat hai. Hazrat Abdul Muttallib رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ ne farmaya ye Oont mere hai Mujhe inki Fikr hai, Kaaba jis ka Ghar hai wo khud uski Hifazat farmayega. Mujhe uske Mutalliq kuch kehne ki Zaroorat nahi. Abraha ne Hazrat Abdul Muttallib رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ ke sab Oont wapas kar diye. Hazrat Abdul Muttallib رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ apne Oonto ko lekar wapas aagaye aur Kaaba ka Ghilaaf pakad kar Dua karne lage. Hazrat Abdul Muttallib رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ ki Dua Rab Tabarak wa Taala ne Qubool farma li aur Abraha jo Faojo aur Haathiyo ko liye hue Tayyari mey tha ke Kaaba ko Giradey Kya dekhta hai ke Parindo ki Ek Tukdi udti hui aayi Inke Panjo mey aur Chonch mey Kankar the. Allah Taala ke Hukm se Inn Parindo ne wo Kankar Abraha aur Uske Lashkar par phenkney lage. Wo Kankariya jis sawaar par girti thi Uske Sar ko Suraakh karte hue aur Uski ki Sawaari ko Suraakh karte hue Zameen tak pahuch jati thi aur wo Sawaar aur Sawaari dono Halaak ho jate the.

Iss tarah Abraha aur uski Faoj aur Sab Haathi Tabah wa Barbaad hogaye Naam-o-Nishaan tak unka baqi Na raha. Kaaba apni Shaan-o-Shaokat ke saath aisa hi Baqi raha.

Hazrat Abdul Muttallib رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ ki Shaadi

Ek Martaba Hazrat Abdul Muttallib رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ Hateem mey sokar uthe to Ankho mey Surma aur Baalo mey Tel laga hua tha aur Husn aur Jamaal

mey Bada Izafa ho chuka tha inhe badi Hairat hui. Inke Walid unhe Quraish ke Kahino ke paas legaye aur Saara Maajra bayan kiya. Unhoney sun kar kaha ke Allah Taala ne Iss Jawan ki Shadi ka Hukm diya hai. Chunachey Inhoney Pehla Nikaah Qeela se kiya. Jis se Ek Beta Haaris paida hua. Phir Inki Wafaat ke baad Hinda bintey Amru (Fatima) se Nikaah kiya to Inke Naseeb mey Noor-e-Muhammadi صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمْ aaya aur Inke Batan se Hazrat Abdullah رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُ Mutawallud hue. (Imaam Qustulaani رَحْمَةُ اللّٰهِ تَعَالٰی عَلَيْه Al-Mawahibul Laduniyya)



HUZOOR صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمْ KE WALIDAIN

Hazrat Abdullah رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُ ye Hamare Aaqa Sarkaar-e-Do Aalam صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمْ ke Walid-e-Majid hai. Hazrat Abdul Mutallib رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُ ke Tamam Beto mey sabse Chotey, Laadley, Pyare the. Jis Raat Hazrat Abdullah رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُ ki Wiladat hui Mulk-e-Shaam ke Aalimaan-e-Ahle Kitaab ne ek dusre ko Mutanabbey kiya ke Paighambarey Akhiruz Zamaa ke walid-e-Buzurgwaar Makka mey Tawallud ho chuke hai. Inn Logo ke paas wo Jubbah tha jisko Pehney hue Hazrat Yahya عَلَيْهِ السَّلَامْ ne Jaam-e-Shahadat Nosh farmaya tha. Unhoney kutub-e-Samawi mey dekha tha ke Jis din Iss jubbah ke Dhabbey Taaza hojayenge wo Nabi Akhiruz Zamaa ki Wiladat ka Qareebi zamana hoga. Jab Inhoney iss par Khoon ke Nishanaat ko Taaza paya to Yaqeen kar liya ke Ab Nabi Akhiruz Zamaa ki Wiladat ka Zamana Qareeb aagaya hai aur Ab Inhoney ye Mansooba banaya ke Hazrat Abdullah رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُ ko Qatal karke Iss Silsila ka yahi Khatma kar dey. Wo baar baar Ummul Qurra Makka Mukarrama ke gird chakkar lagate lekin Hazrat Abdullah رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُ har martaba Noor-e-Muhammadi صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمْ ki Barkat se Ghayib aur Hazir hokar wapas ho jatey aur Isi tarah Aap inke Shar se Mehfooz rehtey.

Hazrat Abdullah رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہُ ki Tarbiyat Aalam-e-Ghaib se Iss tarah hoti ke Ek din Hazrat Abdullah رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہُ ne Apne Walid-e-Majid Hazrat Abdul Muttallib رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہُ se kaha ke Jab kabhi Main Bat'haye Makka aur Koh-e-Baseera ki taraf jata hoon to Meri Pusht se Ek Noor Chamakta Damakta zahir hota aur wo Do hisso mey Taqseem hokar Mashriq aur Maghrib ki taraf jata hai. Phir Mujtamey hokar Abr parah ki shakal ikhtiyaar karke Mere upar Saya figan hojata hai. Phir Main dekhta hoon ke Aasmaan ke Darwazey khulte hai aur ye Abrey Para Madur shakal ikhtiyaar karke Aasmaan ki taraf jata hai aur faoran wapas aajata hai aur phir Meri Pusht mey wapas aajata hai. Main jab Zameen par bait'ta hoon to Zameen se Awaaz aati hai Aye wo Shaks jiski Pusht mey Noor-e-Muhammadi صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمۡ Amanat hai Aap par Salamati ho. Hazrat Abdullah رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہُ ne apne Walid se kaha ke Aksar aisa hua hai ke Main Ek Khushk Darakht ke Neeche bhaita hoon to wo Sar Sabz wa Shadaab hogaya hai aur Mujh par Salaam karta hai. Hazrat Abdul Muttallib رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہُ ne farmaya ke Aye Mere Pyare Bete Tumhe Mubarak ho ke Tumhari Sulb se Ek aisa Ladka Muntaqil hoga jo Tamam Makhlooq-e-Elahi mey Buzurg Tareen shaksiyat hoga aur Maine bhi aisey bahut se Mushahidaat kiye hai aur Mujhe Khwab mey bhi bahut si Bisharatey di gayi hai.

﴾Buth Cheekhney Lagey﴿

Hazrat Abdullah رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہُ ki Khususiyat ye thi ke Aap kabhi Majbooran kisi Khaas wajah se Buth khana jate to Buth Cheekh Cheekh kar kehte ke Aye Abdullah رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہُ Tumhari Peshani mey Noor-e-Muhammadi صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمۡ Jagmaga raha hai lihaza Tum hamarey Qareeb Na aana aur Ye Sa'adat Mand Ladka Butho aur Buth Parasto ki Halakat ka Sabab hoga.



HAZRAT ABDUL MUTTALIB رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ KI NAZAR

Hazrat Abdul Muttallib رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ ne Ye Nazar maani thi ke Agar Allah Taala ne Unhe Dus Betey ata kiye aur Sab jawan aur Sehatmand hokar inki Taqwiyat ka Ba'as baney to wo unn mey se Ek Bete ko Raah-e-Khuda mey Qurbaan karenge. Jab Sab se Chote Betey Hazrat Abdullah رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ ki Umr Mubarak Atthara (18) ya Bees (20) Saal ki hui to ab Inhey Apni Nazar ada karna ka Khayal aaya. Aap ne apne Farzando ko Apne Paas Talab kiya inhey bataya ke Inhoney jo Nazar maani thi isko poora karne ka Waqt ab aagaya hai. Sab Beto ne Sa'adat mandi ka Izhar karte hue Sar jhuka diya aur Basad Adab arz kiya ke Hamare Pidar-e-Buzurgwaar Aap apni Nazar poori kijiye Hum mey se jis ko Aap Qurbani ke liye Naamzad karenge wo Iss par Fakhar karega aur apne Sar ka Nazrana Basad Musarrat pesh kardega. Tai paya ke Baitullah shareef ke Faal nikaal ney wale se Faal Nikalwayi jaye jiske Naam ka Qura nikley Uss ko Bila Paso Pesh Rah-e-Khuda mey Qurban kar diya jayega. Sab Miljhul kar Baitullah shareef ke paas jama hue aur Faal nikaal ney wale ko bulaya gaya. Suratey Haal se isey Aagah kiya gaya wo Faal ke Teer nikal kar le aaya. Wo Faal nikaal ney ki Tayyari karne laga kisi Ek Bachchey ke Naam Qura zaroor niklega. Aap ke Saarey Ladkey Shakl-o-Surat aur Seerat-o-Kirdaar ke lihaaz se Aaftaab aur Mahtaab the. Kisi Ek ke Galey par Churi zaroor pheri jayegi lekin Hazrat Abdul Muttallib رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ pahad ki Chattaan baney Khadey the. Inke Iradey mey kisi Qism ki Lachak ka dur dur tak Nishaan nahi tha. Apne Rab se Inhoney ne jo Wada kiya tha Uss ko har Haal par poora karenge. Apne Iss Pukhta Azm ka Izhaar wo iss tarah kar rahe the. Maine apne Rab se Ahad kiya hai aur Main apne Ahad ko poora karunga. Ba-Khuda kisi cheez ki Hamd Nahi ki jati jis tarah Allah Taala ki Hamd ki jati hai. Jab wo Mera Maola hai aur Main Uska Banda hoon aur uske liye Maine Nazar maani hai. Main iss baath ko pasand nahi karta ke uss Nazar ko Mustarad kardu. Phir Mujhe Zinda rehne ki koi Khwahish nahi.

Faal nikaalne waley ne Faal nikali. Qura-e-Faal Hazrat Abdullah رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ ke Naam nikla. Hazrat Abdullah رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ bahut Haseen the aur Hazrat Abdul Muttallib رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ ke Sab beto mey apne walid ke Noor-e-Nazar the. Lekin yahan muamla Hazrat Abdul Muttallib رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ aur unke Khuda ka hai. Iss mey koi pyari se pyari cheez bhi Hayil nahi ho sakti. Agar unke Khaliq ne Qurbani ke liye Hazrat Abdullah رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ ko pasand farmaya hai to Hazrat Abdullah رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ ko uss ki Raza ke liye zaroor Qurbaan kiya jayega. Churi layi gayi Hazrat Abdullah رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ ko apne Haatho se Zibah karne ke liye. Hazrat Abdul Muttallib رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ khadey hue iski Ittela bijli ki tarah Makka ke har ghar mey gunj ney lagi. Quraish ke Ra'usa ye sunkar apne Majliso se daodey chale aate hai. Makka ke har fard par sannata tari tha. Makka ke Sardaar kehne lage. Aye Abdul Muttallib رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ aisa hargiz nahi hoga. Chand se zyada Man Mohani chehrey wala, Khoob Surat aur Naazuk badan wala Aap ka beta Abdullah رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ Hamarey saamney zibaah kar diya jaye aisa hargiz nahi hoga. Hum aisa hargiz nahi hone denge.

Hazrat Abdul Muttallib رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ ne kaha Ye Mera aur Mere Parwardigaar ka muamla hai ismey dakhal dene wale tum kaun ho. Hazrat Abdul Muttallib رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ ke Iradey ko dekh kar saare Sardaar Minnat aur Samajat par utar aate hai aur kehte hai Aye Hamarey Sardaar agar Beto ko zibaah karne ki Rasm ka Aaghaz Aap jaisi Hasti ne kar diya to phir Is Rasm ko Band karna kisi ke Bas ka Rog nahi rahega. Apni Qaom ke Nao Nihalo par Raham karo iske Nata'ij bade Haolnaak honge. Taweel Kashmakash ke baad ye Tai paya ke Hijaaz ki Arafa ke paas jate hai wo jo Faisla kare uss ko wo Sab Tasleem karenge. Chunachey Sab milkar Yasrab pahuchte hai. Wahan par Arafa ke baarey mey Daryaft karte hai to pata chalta hai ke wo Khaibar mey Sukunat pazeer hai. Wahan par jate hai iss ko apna aane ke Maqsad se aagah karte hai wo

kehti hai. Mujhe Ek din ki Mohlat do Mera Tabayi aayega Main usse pooch kar bataongi. Dusre roz phir uss ke paas hazir hotey hai wo kehti hai mera Tabayi aaya tha Maine Tumharey sawaal ke baare mey uss se pucha tha usne iska Hal mujhe bataya hai. Pehle Tum ye batao ke Tumhare haa Maqtool ki Diyyat kya hai Unhoney bataya ke Dus Oont. Usne kaha ke Tum apne Watan wapas chale jao Ek taraf Dus Oont khadey kar dena aur dusri taraf Hazrat Abdullah رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُ ko khada kar dena phir Faal nikaalna agar Qura Oonto ke naam ka nikla to Unko zibah kar dena Tumhari Nazar Ada hojayegi aur Agar Qura Abdullah رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُ ke Naam nikley to phir dus dus Oont badhatey jana aur Qura nikaaltey jana yahan tak ke Qura Abdullah رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُ ke bajaye Oonto ke naam nikley. Jitney Oonto par Qura nikley inko Zibah kar dena yun Tumhari Nazar poori hojayegi. Saara Karwan Arafa ke Iss Faisley ko sun kar Makka Mukarrama wapas aagaya aur Uss ke kehne ke Mutabik Qura andazi shuru kardi. Dus Oonto ke waqt bhi Qura Hazrat Abdullah رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُ ke Naam ka nikla. Dus Dus Oont badhatey gaye lekin har baar Qura Hazrat Abdullah رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُ ke Naam nikalta raha yahan tak ke Oonto ki tadaad Sao(100) tak pahuch gayi. Uss waqt Qura andazi ki gayi to Hazrat Abdullah رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُ ke bajaye Oonto par Qura nikla. Hazrat Abdul Muttallib رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُ ko bataya gaya to Aap ne kaha Teen baar Qura Andazi karo Agar Teeno baar Oonto ke Naam Qura nikla to Tasleem karunga warna nahi. Aalaam-e-Insaaniyat ki Khush Qismati thi ke Teeno baar Qura Oonto ke naam par nikla. Chunachey wo Sao(100) Oont Zibah kar diye gaye aur Izney Aam de diya gaya ke Inn ke Gosht ko jo chahe jitna chahe le jaye kisi ko Roka Na jayega. Yahan tak ke kisi Gosht Khor Parindey aur Darindey ko bhi inka Gosht khane se mana na kiya jaye. Hazrat Abdul Muttallib رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُ jab Nazar Ada karne ki Aazmaish se Kamyaabi ke saath guzar gaye aur Sao(100) Oonto ke Ewaz Hazrat Abdullah رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُ ki Jaan bach gayi . Hazrat Abdullah رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُ ki Peshani Mubarak mey

Noor-e-Muhammadi صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمْ apni Poori Shaan-o-Shaokat ke saath Jalwagar tha. Hazrat Abdullah رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ Husn-o-Khoobi ke Paikar aur Jamaal Surat aur Kamaal Seerat ke Aainadaar aur Iffat ki Parsayi mey Yakta-e-Rozgaar the. Qabilaye Quraish ki Tamam Haseen Auratey inke Husn-o-Jamaal par Farefta aur inse Shaadi ki Khastgaar thi. Magar Hazrat Abdul Muttallib رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ inke liye Ek aisi Aurat ki Talash mey the jo Husn-o-Jamaal ke saath saath Hasab wa Nasab ki Sharafat aur Iffat aur Parsayi mey bhi Mumtaz ho.

❖Hazrat Abdullah رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ ko Qatal karne ki Koshish❖

Ek din Hazrat Abdullah رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ Shikaar ke liye Jangal mey tashreef le gaye. Mulk-e-Shaam ke Yahoodi chand Alamato se pehchaan gaye the ke Nabi Akhiruz Zamaa صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمْ ke Walid-e-Majid yahi hai. Chunachey Yahoodiyo ne Hazrat Abdullah رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ ko baar baar Qatal kar daalne ki koshish ki. Iss martaba bhi Yahoodiyo ki Ek badi Jamaat Musallah hokar iss niyyat se Jangal mey gayi ke Hazrat Abdullah رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ ko tanhayi mey Dhokey se Qatal kar diya jaye. Magar Allah Taala ki Hifazat ne Uss martaba bhi apne Fazl aur Karam se bacha liya. Aalam-e-Ghaib se chand aise Sawaar Nagaha Namudaar hue jo Iss duniya ke Logoen se koi Mushabahat hi nahi rakhte the. Inn Sawaaro ne aakar Yahoodiyo ko Maar bhagaya aur Hazrat Abdullah رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ ko Ba-Hifazat unke Makaan tak pahucha diya. Wahab bin Munaf bhi usi din Jangal mey the aur Inhoney apni Ankhoen se ye Sab kuch dekha. Jab se Aap ko Hazrat Abdullah رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ se Bey Intehaa Mohabbat aur Aqeedat paida hogayi aur Ghar aakar ye Azm kar liya ke Main apni Noor-e-Nazar Aamena رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهَا ki Shaadi Hazrat Abdullah رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ hi se karunga. Chunachey apni Iss Dili Tamanna ko apne Chand Dosto ke Zariye Inhoney ne Hazrat Abdul Muttallib رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ tak pahucha diya. Khuda ki Shaan ke Hazrat Abdul Muttallib رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ apne Laadley Betey Hazrat

Abdullah رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہُ ke liye Jaisi Dulhan ki Talash mey the wo Saari Khubiyaan Hazratey Aamena رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہَا bintey Wahab mey Maojood thi. Hazrat Abdul Muttallib رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہُ ne Iss Rishtey ko khushi khushi manzoor kar liya. Chunachey Bees Saal ki Umr-e-Mubarak mey Hazrat Abdullah رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہُ ka Hazrat Aamena رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہَا se Nikah hua aur Noor-e-Muhammadi صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ Hazrat Abdullah رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہُ se Muntaqil hokar Hazratey Sayyidah Aamena رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہَا ke Shikam-e-Ath'har mey Jalwagar hogaya.

Hazrat Abdullah رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہُ ko Kaahina ki Dawat

Ek martaba Hazrat Abdul Muttallib رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہُ apne Farzand Hazrat Abdullah رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہُ ko lekar kahi jaa rahe the ke Raastey mey Ek Kaahina ke paas se guzrey jo Taorat aur Injeel aur Kutub-e-Saabiqa ki Aalima thi. Usne Hazrat Abdullah رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہُ ke Chehrey (Peshani) par Noor-e-Muhammadi صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ ko Chamakta hua dekha to Hazrat Abdullah رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہُ ko Nikaah ki Dawat di. Aap ne uski taraf koi Tawajjo Na ki aur Chale gaye. Chand Roz baad Hazrat Abdullah رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہُ dobara Uss Aurat ke Paas se guzrey to usne kaha Aye Naojawan tuney yahan se janey ke baad kya kiya. Hazrat Abdullah رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہُ ne kaha Mere Walid ne meri Shaadi Aamena bintey Wahab رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہَا se kardi hai. Usne Aap ki taraf Tawajjo tak Na ki. Hazrat Abdullah رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہُ ne pucha kiya baat hai uss waqt Mujhe Dawat-e-Nikah deti thi aur Aaj Tawajjo tak Nahi karti. Uss Khatoon ne jawab diya jis Noor ki khatir Main Aap ki taraf Raaghib hui thi wo koi aur Khush Naseeb le gayi. Ab Mujhe Aap se Shaadi ki hajat nahi. Meri Khwahish thi ke wo Noor-e-Mubarak mere Naseeb mey hota magar Ab aisa Mumkin nahi raha. Wo Noor Aap se juda ho chuka hai.



HAZRAT ABDULLAH رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ KA WISAAL-E-MUBARAK

Shaadi ke chand Roz baad Hazrat Abdullah رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ Tijarat ki gharaz se Mulk-e-Shaam ki taraf rawana hogaye. Wapsi par Beemar honey ki wajah se Madina Tayyiba mey apne Walid ke Mamu ke yahan Ruk gaye jo Bani Adi bin Najjaar se the. Beemari ki Halaat mey inke paas Ek Mahina tehrey rahe. Jab Tijarati Qafila ke baqi Log Makka Mukarrama pahuche to Hazrat Abdul Muttallib رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ ne Inn se Apne Laadley betey Hazrat Abdullah رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ ke baarey mey Daryaft kiya to Ahle Qafila ney bataya ke Beemari ke wajah se wo Madina Munawwara mey Teher gaye the. Uss par Hazrat Abdul Muttallib رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ ne apne Bade Betey Haaris ko bheja takey wo Inn ko Ghar le aaye. Jab Haaris Madina pahuche to Hazrat Abdullah رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ ka Inteqaal ho chuka tha aur unko Darey Nabegha mey dafan kiya jaa chuka tha. Jab key baaz ke nazdeek Hazrat Abdullah رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ ka Madfan maqaam Abu'aa hai. Hazrat Abdullah رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ ki Umr Mubarak ba-waqt Rehlat Sirf Pachchees(25) baras ki thi aur Huzoor صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ abhi Shikam-e-Madar mey hi the ke Aaqa-o-Maola صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ ki Wiladat se pehle hi walid-e-Girami ka Saya sar se uth gaya.

﴾Firishto ne Arz kiya﴿

Hazrat Ibney Abbas رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ se marwi hai ke Jab Hazrat Abdullah رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ ka Inteqaal hua to Firishto ne Bargah-e-Khudawandi mey arz ki Aye Hamarey Parwardigaar Tera Nabi Yateem hogaya Inke Walid ab Na rahey. Allah Taala ne Inhe farmaya ke Hum uss ke Muhafiz aur Madadgaar hai. Dusri Riwayat mey hai ke Allah Taala ne Firishto ko farmaya Main Iss ka Dost hoon, Nigehbaan hoon, Madadgaar hoon. Uski Madad karne wala hoon, Usko Rizq dene wala hoon aur Har Baat par Main uske liye Kaafi hoon. Pas Tum Uss par Durood padha karo aur Uske Naam se Barkat hasil kiya karo.

Paikar-e-Bashariyyat ki Mitthi

Hazrat Ka'bul Ahbaar رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ ne farmaya jab Allah Taala ne Huzoor صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمْ ke Paikar-e-Bashari ko paida karne ka Irada farmaya to Hazrat Jibraeel Ameen عَلَیْہِ السَّلَامْ ko Hukm diya ke aisi Mitthi mere paas le aao jo Mere Mahboob ke Jism Aqdas aur Jasad-e-Ath'har ki Takhleeq ke layiq ho. To wo Sufaid Mit'thi Ek Mut'thi Raoza-e-Ath'har wali jagah se lekar Bargah-e-Khudawandi mey le gaye. Phir Uss Mit'thi ko Tasneem (Bahisht ki Ek Nehar) ke paani se Gundha gaya, Jannat ki Lehro mey Dhoya gaya, Phir Noor-e-Nubuwwat Iss mey rakh kar Isko Aasmano aur Zameeno mey har jagah Phiraya gaya takey har Shai Huzoor صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمْ ke Sharaf aur Kamaal ko Pehchaan le. To Malaika ne Hazrat Aadam عَلَیْہِ السَّلَامْ ko Pehchanney se pehle Muhammad صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمْ aur Aap ki Fazilat ko Pehchaan liya tha. (Ibney Jaozi رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ-Al Wafa)

Noor-e-Maknoon ki Wiladatey Ba-Sa'adat ke Halaat

Jab Allah Taala ne Shikam-e-Madar mey Nabiye Kareem صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمْ ko Tehrana chaha to Rizwaan-e-Jannat ko irshaad farmaya ke Aaj Raat Jannatul Firdous ke Darwazey khol diye jaye aur Munadi se kaha ke Tamam Aasmaan aur Zameen mey Nida kare ke Noor-e-Maknoon Aaj Shikam-e-Madar mey qaraar pazeer hua hai.

Sayyidah Aamena رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا farmati hai Mujhe koi baar Mehsoos Na hua ke Mere Shikam mey Mera Noor-e-Nazar qaraar pazeer hai. Kyun key Mujhe Hamila Aurato ki tarah kabhi Girani Na hui. Albatta Mujhe Itna Maloom tha ke Mujh par Allah Taala ka Khususi Karam ho chuka hai. Inhi Ayyam mey Mujhe Ek aisa Noor Nazar aaya jis sey Mujhe Shaam aur Basraa ke Mahallaat dikhayi dene lage. Hazratey Bibi Aamena رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا Ayyam-e-Hamal mey Jab Raasta chalti to jo Path'thar inke Pairo mey aata wo Moem ki tarah Nihayat Narm ho jata.

❮Hazrat Aadam عَلَيْهِ السَّلَامُ ki Tashreef Aawri❯

Mahey Awwal mey Ek Daraaz Qamat Shaks tashreef laye aur Mubarakbaad dete hue kehne lage. Aap Sayyidul Mursaleen صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمْ ki Walida hai. Maine daryaft kiya Aap kaun hai. Farmaya Main Aadam عَلَيْهِ السَّلَامُ hoon.

❮Hazrat Shees عَلَيْهِ السَّلَامُ ki Tashreef Aawri❯

Sayyidah Aamena رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهَا farmati hai Dusrey Mah Mujhe kisi ne phir Bisharat di aur kaha Aap Nabiye Kareem صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمْ se Nawazi jaa rahi hai. Daryaft karne par Inhoney farmaya Main Shees عَلَيْهِ السَّلَامُ hoon. Isi tarah Alal Tarteeb Hazrat Nooh عَلَيْهِ السَّلَامُ, Hazrat Idrees عَلَيْهِ السَّلَامُ, Hazrat Hood عَلَيْهِ السَّلَامُ, Hazrat Ibraheem عَلَيْهِ السَّلَامُ, Hazrat Ismail عَلَيْهِ السَّلَامُ, Hazrat Moosa عَلَيْهِ السَّلَامُ, Hazrat Eesa عَلَيْهِ السَّلَامُ Mubarakbaadi ke liye Tashreef latey rahe aur Ausaaf wa Muhamidey Mustafa صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمْ ka Izhaar farmate gaye.

❮Shahed se Meetha Mashroob❯

Sayyidah Aamena رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهَا farmati hai ke Wiladat ke waqt Mujhe Ek aisa Mashroob diya gaya jise peekar Maine Be-Inteha Farhat mehsoos ki. Wo Sharbat Shahed se bhi Meetha aur Farhat Baksh tha.

❮Wiladat Mustafa صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمْ par Khushi mey Jhandey lagaye gaye❯

Hazratey Sayyidah Aamena رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهَا farmati hai jab Mera Noor-e-Nazar paida hua Do Shamba Peer ka din tha. Maine dekha Aasmaan se Ek Jamaat utri aur Inke Haath mey Teen (3) Jhandey the. Chunachey Ek Jhanda Inhoney Baitullah Shareef ki Chath par Lehraya, Dusra Mere Kashana-e-Aqdas par aur Teesra Baitul Muqaddas ki Chath par Lehraya. Aap farmati hai ke Aasmaan ke Sitarey mere Ghar se Qareeb hogaye. Main Khayal karti thi ke abhi Mere Sar par aajayenge. Duniya Anwaar aur Tajalliyaat se Roshan hogayi. Aasmaan ke Darwazey khul gaye. Phir Mere makaan ke upar bahut se Parindey aaye jinki Chonchey Zabarjad, Baazu Yaqoot ke the. Uss waqt Main apni Soch

mey magan thi Tanhayi se mera Dil Ghabraney laga. Itney mey kya dekhti hoon ke Ek Jamaat mere paas aayi jin se zyada Maine kisi Aurat ko Haseen aur Jameel nahi dekha tha. Unhi ke saath Hazratey Aasiya رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھَا (Firoun ki Biwi) aur Hazratey Maryam bintey Imraan (Hazrat Eesa عَلَیْہِ السَّلَام ki Walida Majida) aur Hoorey thi.



WILADAT-E-RASOOL صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمْ KE HASEEN LAMHAAT

Hazratey Sayyidah Aamena رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھَا farmati hai Maine suna koi keh raha hai ke Allah Taala Tujh par Rahmat farmaye Mashriq ta Maghrib har cheez tumhare liye Roshan hogayi. Phir Mere liye Waza Hamal ke Aasaar Numudaar hue to Ek Nihayat Khoobsurat parindey ne apne Paro se Mujhe Mas kiya. Maine kiya dekha Mera Noor-e-Nazar Meri Godh mey Jalwagar hogaya.

Kyun Na Tareekiye Zulmat ho adam Aaj ki Raat
Jalwa Aara hua Wo Noor-e-Qidam Aaj ki Raat

Shab-e-Milaad se Behtar hi nahi koi Shab
Lailatul Qadr bhi hai Qadr mey Kam Aaj ki Raat

(Hazrat Khwaja Mahbooballah رَحْمَةُ اللّٰهِ تَعَالٰی عَلَیْه)

❮Har Ghar Roshan aur Munawwar hogaya❯

Marwi hai ke Uss Raat ki Subah ko Roo-e-Zameen ke Tamam Buth Aondeh paye gaye, Shayateen ka Aasmaan par chadna Mamnoo qaraar diya gaya aur Duniya ke Tamaam Badshaho ke Takht Ulat diye gaye aur Uss Raat har Ghar Roshan aur Munawwar hua aur koi jagah aisi Na thi jo Anwaar-e-Quds se Jagmaga Na rahi ho aur koi Jaanwar aisa Na tha jis ko Quwwatey Goyayi Na di gayi ho aur usne Bisharat Na di ho. Mashriq ke Parindo ne Maghrib ke Parindo ko Khush Khabriya di.

Huzoor صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ ki Wiladat ke waqt Pakeezgi

Ahadees mey aata hai ke Abu Lahab ki Ek laondi jiska Naam Suwaiba tha. Wiladat ke waqt Abu Lahab ne usey Hazratey Aamena رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهَا ke ghar bheja ke jao mere bhai Abdullah رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ ke ghar wiladat hone wali hai. Meri Bhawaj Aamena رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهَا ki khidmat karo. Jab Huzoor صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمْ ki Wiladat hui to Suwaiba daodi daodi Abu Lahab ke paas gayi aur kaha ke Aaqa Aapko Mubarak ho. Aaj Allah Taala ne Aapke bhai ke ghar Beta ata kiya hai. Apne Bhatije ki paidaish ki khushi mey Abu Lahab itna khush hua ke jis Halaat mey bhaita hua tha usi halaat mey apne Haath ki Do Ungliyo se Ishara karte hue kehne laga Suwaiba Jaa Maine tujhe Nao Molood ki paidaish ki khushi mey Azaad kar diya hai.

Abu Lahab ke Marne ke baad iss ke Ahle Khana mey se kisi ne jab usey khwab mey dekha to wo Burey Haal mey tha. To uss se pucha Kaise ho? Abu Lahab ne kaha Main bahut Sakht Azaab mey hoon. Uss se kabhi chutkara nahi milta. Haa Mujhe (Iss Amal ki Jaza ke Taor par) kuch Sairaab kiya jata hai ke Maine (Huzoor صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمْ ki Wiladat ki khushi mey) Suwaiba to Azaad kar diya tha. (Bukhari Shareef)

Iss Waqiya ko Azeem Muhaddis Ibney Hajar Asqalaani رَحْمَةُ اللّٰهِ تَعَالٰى عَلَيْه ne Yun Bayan kiya hai: Hazrat Abbas رَضِىَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ farmate hai ke Abu Lahab Mar gaya to Maine Uss ko Khwab mey Ek Saal baad bahut Burey Haal mey dekha aur Ye kehte hue paya ke Tumhari judayi ke baad Aaraam naseeb nahi hua, balke Sakht Azaab mey gariftaar hoon lekin Peer ka din aata hai to Mere Azaab mey Takhfeef kardi jati hai aur ye Iss wajah se hai ke Nabiye Akram صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمْ ki Wiladat Peer ke din hui aur Jab Suwaiba ne uss Roz Abu Lahab ko Huzoor صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمْ ki Wiladat ki khabar di to Usne Suwaiba ko Azaad kar diya. (Fathul Baari)

Shaikh Abdul Haq Muhaddis Dehalvi رَحْمَةُ اللّٰهِ تَعَالٰى عَلَيْه usi riwayat ka Tazkira karne ke baad kehte hai. Ye Riwayat Maoqa-e-Milaad par Khushi aur Maal Sadqa karne walo ki Daleel aur Sanad hai. Abul Lahab jiski Mazammat mey Quran nazil hua Jab wo Huzoor صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمْ ki Wiladat ki Khushi mey Laondi azaad karke Azaab mey takhfeef hasil kar leta hai to kya Maqaam hoga uss Musalmaan ka jis ke Dil mey Mohabbatey Rasool صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمْ Mojzan ho aur aisey Maoqey par Khushi ka Izhaar kare. Haa Bid'aat maslan Raqs aur Ghair Islami Aamaal waghaira se Ijtinaab zaroori hai kyunke Iss ke zariye Milaad ki Barkat se Insaan Mehroom hojata hai.

Aetraaz : Ek Kafir (Abu Lahab) ka Qaol jawab mey hai. Mustazaad ke Hazrat Abbas رَضِىَ اللّٰهُ تعالٰی عَنْهُ ne jab ye khwab dekha to uss waqt wo khud bhi Musalmaan Na the Iss par Buniyaad qayim kaise kare.

Jawab : Hamari Daleel ki buniyad khwab mey Abu Lahab ka Qaol nahi balke Hazrat Abbas رَضِىَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ ka bayan hai. Inhoney usey Qubool kiya to aagey bayan kiya agarche Inhoney khwab uss waqt dekha jab wo Musalmaan Na the magar jab Bayan kiya Uss waqt to Daira-e-Islam mey Aa chuke the. Ye bayan Na to Abu Lahab ka hai aur Na kisi Kafir ka. Phir Uss Hadees ko Imaam Bukhari رَحْمَةُ اللّٰهِ تَعَالٰى عَلَيْه aur Imaam Muslim رَحْمَةُ اللّٰهِ تَعَالٰى عَلَيْه jaise Buland Paya Muhaddiseen ne riwayat kiya hai. Kya Motariz Imaam Bukhari aur Muslim رَحِمَهُمَا اللّٰهُ تَعَالٰى se Bade Muhaddis hai. (Miladun Nabi-Allama Tahirul Quadri)

﴾Milaad Manana Amal-e-Touheed hai﴿

Yahan Ek nukta samjha lena zaroori hai ke Milaad manana Fil Waqiya Amal Touheed hai ye Zaatey Baari Taala ki Wahdaniyat ki sabse badi daleel hai. Kyunke Milaad mananey se ye Amr khud ba khud sabit ho jata hai ke Huzoor صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمْ ka Milaad mananey waley Aap صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمْ ko **Allah ka Banda, Allah ki Makhlooq maante hai aur Jiski Wiladat Maani jaye wo Khuda nahi ho sakta. Kyun ke Khuda ki zaat** لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ **Na isse koi paida hua hai aur Na hi wo paida kiya gaya hai ki Shaan ki Hamil hai.** (Milaadun Nabi-Allama Tahirul Quadri)

NAAT-E-RASOOL صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمْ

Allah Allah Allahu Laa Ilaha Illa hu

Aamena Bibi ke Gulshan mey Aayi hai Taaza Bahar
Padhtey hai Sallallahu Alahi Wasallam Aaj Daro Deewar

Nabi Jee Allah Allah Allahu Laa Ilaha Illa hu

Jibraeel aaye Jhula Jhulaye Lori diye Rahmaan
Soja Soja Rahmatey Aalam Main Tere Qurbaan

Nabi Jee Allah Allah Allahu Laa Ilaha Illa hu

Mohni Surat Naam Muhammad Do Jag ka Sardaar
Jaan se Pyara Raaj Dulara Rahmat ki Sarkaar

Nabi Jee Allah Allah Allahu Laa Ilaha Illa hu

(Hazrat Amjad Hyderabadi رَحْمَةُ اللّٰهِ تَعَالٰى عَلَيْه)

❂❂❂

SARKAAR-E-DO AALAM صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمْ KI AULAAD-E-IKRAAM

Huzoor صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمْ ki Aulaad-e-Ikraam jin par Aulema ka Ittefaaq hai. Aap ko Teen(3) Sahibzadey aur Char(4) Sahibzaadiya thi.

Shahzaado ke Naam Mubarak :

(1) Hazrat Qasim رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ

(2) Hazrat Ibraheem رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ

(3) Hazrat Abdullah رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ

Shahzaadiyo ke Naam Mubarak:

(1) Hazratey Zainab سَلَامُ اللّٰهِ عَلَيْهَا

(2) Hazratey Ruqayya سَلَامُ اللّٰهِ عَلَيْهَا

(3) Hazratey Ummey Kulsum سَلَامُ اللّٰهِ عَلَيْهَا

(4) Hazratey Fatima Zahra سَلَامُ اللّٰهِ عَلَيْهَا

Huzoor صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمْ ki Charo Shahzadiyo ne Islam ka Zamana paya. Inhoney Madina Tayyiba ki taraf Hijrat bhi ki.

Hazratey Khatijatul Kubra رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهَا ke Batan-e-Mubarak se paida hone wali Aulaad-e-Mubarak ke Naam.

Shahzaadey :

(1) Hazrat Qasim رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ

(2) Hazrat Abdullah رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ jinke Do Laqab hai Tayyab aur Tahir.

Shahzaadiya :

(1) Hazratey Zainab رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهَا

(2) Hazratey Ruqayya رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهَا

(3) Hazratey Ummey Kulsum رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهَا

(4) Hazratey Fatima Zahra رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهَا

Hazratey Maariya Qubtiya رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهَا ke Batan Mubarak se Hazrat Ibraheem رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ paida hue.



FARZAND-E-AWWAL HAZRAT QASIM رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہُ

Hazrat Sayyiduna Qasim رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہُ ye Hamarey Aaqa-o-Maola صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمۡ ke Sab se Bade Farzand hai jo qabl az Elaan-e-Nubuwwat paida hue. Inhi Farzandey Zee waqar ki wajah se Rasoolullah صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمۡ ne Abul Qasim ki Kunniyat ikhtiyaar farmayi. Ye Apne Paow par chalne ki Umr tak Ronaq Afroz-e-Aalam rahe. Aap صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمۡ ki Aulaad Mubarak mey Sab se pehle paida hue aur Rehlat Mubarak bhi pehle hui. Kutub Seyar aur Tawareekh mey inki Umr Mubarak Sattara(17) Maah se Do Saal tak Darj hai. وَاللّٰہُ تَعَالٰی اَعۡلَمۡ

FARZAND-E-DUWWAM HAZRAT ABDULLAH رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہُ

Hazrat Sayyiduna Abdullah رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہُ Rasoolullah صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمۡ ke Elaan-e-Nubuwwat ke baad Makka Muazzama mey paida hue aur Ahad Tifliyat hi mey Rehlat Mubarak hui. Inhi ke Do Laqab Tayyab aur Tahir hai. Jab Aas bin Wayil jo Amro bin Aas ka Baap tha. Isey Hazrat Abdullah رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہُ ke Faot hone ki khabar mili uss se pehle Hazrat Qasim bin Rasool رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہُ Faot hone ki khabar sun chuka tha. Uss waq usne kaha Muhammad صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمۡ ke Farzandaan Rehlat kar gaye aur wo Abtar (Bey Nasal) hogaye. Uss waqt ye Ayat-e-Kareema nazil hui. اِنَّ شَانِئَکَ ھُوَ الۡاَبۡتَرُ. Aye Mere Mahboob beshak Aap ka Dushman hi Bey Nasal aur Bey Naam-o-Nishaan hoga. Kyunke Duniya aur Aakhirat mey koi iska Naam Naa lega aur Agar koi Iska Naam lega bhi to Iss par Lanaat bhejega.

FARZAND-E-SUWWAM HAZRAT IBRAHEEM رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہُ

Aap ki Wiladat Zil Hajja ke Mahine mey Madina Munawwara ke qareeb Muqaam Aaliya ke andar Hazratey Maariya Qubtiya رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہَا ke

Shikarn-e-Mubarak se paida hue. Inki wiladat ke waqt Daya Huzoor صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمْ ke ghulam Hazrat Abu Rafey رَضِىَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ ki biwi Hazratey Salma رَضِىَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهَا thi. Hazrat Ibraheem رَضِىَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ ki Wiladat Ba-Sa'adat par Hazratey Salma رَضِىَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهَا ne apne khawind ko Muttaley kiya aur Huzoor صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمْ ke ghulam Hazrat Abu Rafey رَضِىَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ ne Maqaam Aaliya se Madina aakar Bargah-e-Aqdas mey ye Khush Khabri sunayi. Huzoor صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمْ ne In'aam ke Taor par Hazrat Abu Rafey رَضِىَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ ko Ghulami se Azaad farma diya. Itney mey Jibraeel-e-Ameen عَلَيْهِ السَّلَامُ hazir khidmat hue aur Huzoor صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمْ ko "Ya Aba Ibraheem" keh kar Mukhatab kiya. Huzoor صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمْ iss Kunniyat par bahut Khush hue aur Lakhtey Jigar ka Naam apne Jaddey Buzurgwaar Hazrat Sayyidina Ibraheem عَلَيْهِ السَّلَامُ ke Naam par Ibraheem رَضِىَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ rakha. Aap ki wiladat 9 Hijri mey hui. Huzoor صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمْ ne inka Aqeeqa mey Do Mendey zibah farmaye aur inke Sar ke Baal ke wazan ke barabar Chandi khairat farmayi aur inke Baalo ko dafan farmaya. Inko Doodh pilana ke liye Hazrat Ummey Saif رَضِىَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهَا ke supurd farmaya. Inke Shohar Hazrat Abu Saif رَضِىَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ Lohari ka pesha karte the. Huzoor صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمْ Hazrat Ibraheem رَضِىَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ se Bahut Mohabbat farmate the aur kabhi kabhi Huzoor صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمْ inko dekhne ke liye Tashreef le jaya karte the.

﴾Rehlat Mubarakah﴿

Hazrat Sayyidina Ibraheem رَضِىَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ ki Umr Mubarak sirf Sattarah(17) ya Attarah(18) Maah hi thi ke ye Bahisht Bari ki taraf tashreef le gaye.

Hazrat Sayyidina Jabir رَضِىَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ se marwi hai ke Bargah Aqdas mey arz kiya gaya ke Ya Rasoolullah صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمْ Hazrat Ibraheem

رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ Aalamey Naza mey hai. Iss waqt Bargah-e-Aaliya mey Hazrat Abdur Rahman bin Aof رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ bhi hazir the. Huzoor صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمْ ne inko apne saath mey lekar (Jamaat-e-Sahaba ke Hum raah) rawana hogaye aur Jab Hazrat Sayyidina Ibraheem رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ ke paas pahuche to dekha ke wo Aalam-e-Naza mey hai. Rasoolullah صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمْ ne inko apni Aaghosh-e-Rahmat mey uthaya. Iss waqt Huzoor صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمْ ki Mubarak Aankhoen se Aansoo musalsal beh rahe the aur Zabaan-e-Mubarak par ye alfaaz jari the. Hum jaante hai ke Maot to Amr Haq hai aur (Allah Taala ka) wada bhi Sachcha hai aur Hum bhi jo peeche reh jaane wale hai pehle jaane walo se Jaa milenge aur Agar aisa Na hota to aye Ibraheem رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ hamey tumhara Gham uss se bahut Shadeed hota. (Aye Ibraheem) Meri Ankhey Ro rahi hai, Dil Nihayat Ghamzada hai. (Iske Bawajood) Hum koi aisi Baat nahi kahenge jo Hamarey Rab ko Na-Pasand ho. Huzoor صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمْ ko Rotey hue dekh kar Hazrat Abdur Rahman bin Aof رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ ne arz kiya Ya Rasoolallah صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمْ kya Aap bhi Ro rahe hai. Aap ne to Mayyit par Roney se mana farmaya hai. Iss par Rasoolullah صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمْ ne farmaya Aye Ibney Aof رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ ye jo dekh rahe ho ye Mayyit par Rahmat aur Shafqat ki wajah se hai. Jo iski Halat dekhne se paida hoti hai.

﴾Sahaba-e-Ikram رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْن Ro Padey﴿

Rawi bayan karte hai ke Hazrat Ibraheem رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ ki Rehlat par jab Rasoolullah صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمْ ki Mubarak Ankho se Aansoo jari hogaye to Sahaba-e-Ikraam رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْن se Zabt Na ho saka. Hazrat Usama رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ chilla chilla kar roney lagey. Huzoor صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمْ ne unko mana farmaya aur Irshad farmaya (Ankho se) Rona Rahmat hai jabke cheekhna chillana Shaitani Amal hai.

Ahle Siyar naqal farmate hai ke Hazrat Ibraheem رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ ko inki Daya ne Ghusl diya jab ke dusrey Qaol ke mutabik inko Ghusl Hazrat Fazal bin Abbas رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ ne diya aur Hazrat Abdur Rahman bin Aof رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ paani daaltey the aur Huzoor صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمْ bhi qareeb hi Tashreef farma the. Namaz-e-Janaza ke baad inko Jannatul Baqi mey dafan kar diya gaya aur Qabrey Anwar par paani ka chidkao kar diya gaya aur Qabrey Anwar par Nishan lagaya diya gaya. Nishan lagane ke liye Huzoor صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمْ Ba-Nafsey Nafees khud Paththar uthakar laye aur Inki Qabr-e-Ath'har par rakh diya gaya. Waqt-e-Wafat Hazrat Ibraheem رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ ki Umr Shareef 17 ya 18 Mah ki thi. وَاللّٰہُ تَعَالٰی اَعْلَمْ

Hazrat Ibraheem رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ Jannnat Mey

Sarkaar-e-Do Aalam صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمْ ne Tadfeen ke baad Sahaba Ikraam رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْن se farmaya Mere Farzand Ibraheem رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ ne Doodh peene ki Muddat poori nahi ki aur Duniya se chala gaya. Isliye Allah Taala ne Uske liye Bahisht mey Ek Doodh pilana wali ko Muqarrar farma diya hai. Jo Muddat-e-Raza'at bhar usko Doodh pilati rahegi.

PEHLI SHAHZADI SAYYIDAH ZAINAB سَلَامُ اللّٰهِ عَلَيْهَا

Ye Huzoor صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمْ ki Sahibzaadiyo mey sab se Badi hai. Elaan-e-Nubuwwat se Dus Saal qabl wiladat hui. Iss waqt Nabiye Kareem صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمْ ki Umr Mubarak Tees(30) Saal ki thi. Makka Mukarrama mey inki Wiladat hui. Ibtida-e-Islam mey hi Musalmaan hogayi thi aur Hijrat karke Makka Mukarrama se Madina Munawwara tashreef le gayi. Elaan-e-Nubuwwat se qabl hi inki Shaadi inke Khala Zaad bhai Abul Aas bin Rabi se hogayi thi (Abul Aas Hazratey Khatijatul Kubra رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهَا ki Behan Hazrat Haala رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهَا ke Betey the). Huzoor صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمْ ne Hazratey Khatijatul Kubra رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهَا ki Sifarish se Hazratey Zainab رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهَا ka Abul Aas ke saath Nikaah farma diya tha. Hazratey Zainab رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهَا to Musalmaan hogayi thi magar Abul Aas abhi Musalmaan nahi hue the. Ramazanul Mubarak mey Jab Abul Aas Jung-e-Badar se Giraftaar hokar Madina aaye uss waqt Hazratey Zainab رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهَا Musalmaan hotey hue Makka Mukarrama mey hi Muqeem thi. Chunachey Abul Aas ko Qaid se chudhane ke liye Sayyidah Zainab رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهَا ne Madine mey Apna wo Haar bheja jo inki Walidah Hazratey Khatijatul Kubra رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهَا ne inko Jahez mey diya tha. Ye Haar Huzoor صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمْ ka Ishara pakar Sahaba Ikraam رِضْوَانُ اللّٰهِ تَعَالٰى عَلَيْهِمْ اَجْمَعِيْن ne Sayyidah Zainab رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهَا ke paas wapas bhej diya aur Huzoor صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمْ ne Abul Aas se ye Wada lekar inko Riha kar diya ke wo Makka pahuch kar Sayyidah Zainab رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهَا ko Madina Munawwara bhej denge. Chunachey Abul Aas ne apne Wadey ke mutabik Hazratey Zainab رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهَا ko apne bhai Kinana ki Hifazat mey Bataney Yajaj tak bhej diya (Ye Ek Moz'aa ka Naam hai jo

Makka ke Bahar Masjid-e-Ayesha رَضِیَ اللّٰہُ تعالٰی عنہا ke saamney hai). Udhar Huzoor صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وآلہٖ وَسَلَّمْ ne Hazrat Zaid bin Haarisa رَضِیَ اللّٰہُ تعالٰی عَنْہُ ko Ek Ansaari Sahabi ke saath pehle hi Maqaam Bataney Yajaj mey bhej diya tha.

Mankool hai ke jab Hazratey Zainab رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا Makka Mukarrama se rawana hui to Kuffar Quraish ne inka Raasta roka. Yahan tak ke Ek Badh Naseeb zaalim Habbaar bin Al Aswad ne inko Nezey se Dara kar Oont se gira diya. Jiske Sadmey se inka Hamal Saqit hogaya. Magar inke Dewar Kinana ne apne Tarkash se Teero ko bahar nikaal kar ye Dhamki di ke jo Shaks bhi Sayyidah Zainab رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا ke Oont ka peecha karega wo Mere Inn Teero se bachkar Na jayega. Ye sunkar Kuffar Quraish Saham gaye. Phir Sardaar-e-Makka Abu Sufyaan ne darmiyaan mey badh kar Sayyidah Zainab رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ ke liye Madina Munawwara ki rawangi ke liye Raasta Saaf karaya. Chunachey Hazrat Zaid bin Hareesa رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ aur Ansaari Sahabi ne Bataney Yajaj se apni Hifazat mey Hazratey Sayyidah Zainab رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا ko Madina Munawwara le aaye. Sayyidah Zainab رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا ko Hijrat karne mey ye Dardnaak Musibat pesh aayi. Isi liye Huzoor صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وآلِہٖ وَسَلَّمْ ne inke Fazail mey ye Irshad farmaya ke: هِيَ اَفْضَلُ بَنَاتِيْ اُصِيْبَتْ فِيَّ

Yani ye Meri Betiyo mey iss Aetbaar se bahut zyada Fazilat wali hai ke iss ne Meri janib Hijrat karne mey itni badi Musibat uthayi.

Sayyidah Zainab رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا ke Makka Mukarrama se Madina Munawwara tashreef laney ke taqriban Dhai Saal ke baad Abul Aas tijarat ki gharz se Makka se bahar aaye. Inke saath Makka walo ka Maal-e-Tijarati tha. Iss Tijarati Qafila ki wapsi ke waqt Rasoolullah صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمْ ke As'haab iski talash mey gaye hue the. Jab Inhoney Qafiley par qaboo paa liya to chaha ke Abul Aas ke Maal par Qabza kar ke inhe Qatal karde. Ye khabar jab Sayyidah

Zainab رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھَا ko pahuchi to Inhoney Huzoor صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمْ se arz kiya Ya Rasoolallah صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمْ kya kisi Musalmaan ko kisi ko Ahad aur Amaan mey lene ka Haq nahi hai. Huzoor صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمْ ne farmaya-Haa hai. Sayyidah Zainab رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھَا ne arz kiya Ya Rasoolallah صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمْ Aap Gawah rahiye ke Maine Abul Aas ko Amaan de di hai. Jab Sahaba Ikraam iss Suratey Haal se Ba-khabar hue to Abul Aas aur inke Maal se Apna Haath Hata liya aur Abul Aas se kehne lage tum Musalmaan ho jao takey Mushriko ka ye tamam Maal Tumharey liye Ghanimat hojaye. Abul Aas ne kaha Main Sharm karta hoon ke apne Deen ko iss Napaak Maal se paleed karu. Iss ke baad wo Makka chale gaye aur Maal ko unke Maaliko ke supurd kar diya aur farmaya Aye Makka walo Maine tumhe Tumhara Maal pahucha diya. Tum mujhe iss se Bari-uz Zimma qaraar dete ho. Inhoney kaha-Haa. Phir Abul Aas ne farmaya Gawah raho Main Gawahi deta hoon ke "Laa Ilaha Illallahu Muhammadur Rasoolullah صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمْ". Iske baad Hijrat kar ke Madina Tayyiba aagaye aur Huzoor صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمْ ne Sayyidah Zainab رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھَا ko Nikaah-e-Sabiq ya Nikaah-e-Jadeed ke saath inke Supurd farma diya.

﴾Rehlat Mubarak﴿

Hazratey Sayyidah Zainab رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھَا ki Rehlat Mubarak 8 hijri mey waqey hui aur Hazratey Ummey Aiman رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھَا wa Hazratey Saoda bintey Zum'aa رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھَا wa Hazratey Ummey Salma رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھَا ne inko Ghusl diya aur Huzoor صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمْ ne inke Kafan ke liye apna Tehband ata farmaya aur Apne Dastey Mubarak se inko Qabr mey utara. Uss waqt Huzoor صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمْ ke Rukhey Anwar par Ranj aur Malaal ke asaar bahut numaya the. Ba-waqt dafan Rasoolullah صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمْ Hazratey Sayyidah Zainab رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھَا ki Kamzori ko yaad farma kar

Bargah-e-Rabbul Izzat mey ye dua farma rahe the "Aye Allah Tu Zainab ki Mushkilaat ko Aasaan farma de aur uski Qabr ki Tangi ko Khushadgi mey badal dey".

Aulaad-e-Mubarak

Hazratey Sayyidah Zainab رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْهَا ki Aulaad mey Ek Ladka jiska Naam Ali رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْهُ aur Ek Ladki jinka Naam Hazratey Umama رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْهَا tha. Ali رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْهُ ke baare mey Ek riwayat hai ke apni Walida Majida ki Hayaat hi mey Buloogh ke qareeb pahuch kar Wafaat paa gaye. Lekin Ibney Asakir رَحْمَةُ اللّٰهِ تَعَالٰی عَلَيْه ka bayan hai ke Nasab Naamo ke bayan karne wale Baaz Aulema ne ye Zikr kiya hai ke Ye Jung-e-Yarmuk mey Shahadat se sarfaraz hue.

Hazratey Umama رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْهَا se Huzoor صَلَّی اللّٰہُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمْ ko badi Mohabbat thi. Aap inko apne Doshey Mubarak par bhitakar Masjid Nabawi mey tashreef le jate the. Riwayat hai ke ek martaba Habsha ka Badshah Najjashi ne Huzoor صَلَّی اللّٰہُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمْ ki khidmat mey Bataorey Hadiya ke Ek Hulla bheja jiske saath Soney ki Ek Anghuti bhi thi. Jiska Nagina Habshi tha. Huzoor صَلَّی اللّٰہُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمْ ne ye Anghuti Hazratey Umama رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْهَا ko Ata farmayi.

Isi tarah Ek Martaba bahut hi Khoobsurat Soney ka Haar kisi ne Huzoor صَلَّی اللّٰہُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمْ ko nazr kiya. Jiski Khoobsurti ko dekh kar tamam Azwaajey Mutahharaat hairaan reh gayi. Aap صَلَّی اللّٰہُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمْ ne apne Muqaddas Biwiyo se farmaya ke Main ye Haar usko dunga jo Mere Gharwalo mey Mujhe sabse zyada Mahboob hai. Tamam Azwaajey Mutahharaat ne ye khayal kiya ke Yaqinan ye Haar Hazratey Ayesha Siddiqua رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْهَا ko Ata farmayenge. Magar Huzoor صَلَّی اللّٰہُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمْ ne Hazratey Umama رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْهَا ko qareeb bulaya aur Apni Iss pyari Nawasi ke Galey mey apne Dastey Mubarak se ye Haar daal diya.

DUSRI SHAHZADI

HAZRATEY SAAYIDAH RUQAYYA سَلامُ اللّٰہِ عَلَیْہَا

Aapki Wiladat Ba-Sa'adat Elaan Nubuwwat se Saat baras pehle hui. Jab Huzoor صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمْ ki Umr Mubarak Teytees(33) Saal ki thi. Sayyidah Ruqayya رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا ne apni Walidah Mohtarma Sayyidah Khatijatul Kubra رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا ke saath Elaan-e-Islam kiya aur apni Walida Majida ke saath apne Walid Hazrat Muhammad صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمْ se Sharf-e-Bayt hasil kiya.

Pehle inka Nikah Abu Lahab ke betey Utba se hua lekin abhi inki Rukhsati nahi hui thi ke Surae Tabbat yadaa nazil hogayi. Abu Lahab Quran mey apni Iss dayimi Ruswayi ka bayan sunkar Ghussey mey Aag bagola hogaya aur apne betey Utba ko Majboor kar diya ke wo Huzoor صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمْ ki Sahibzadi Hazratey Ruqayya رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا ko Talaaq de dey. Chunachey Utba ne Talaaq dey di.

﴾Hazrat Usmaan-e-Ghani رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ ka Qubool Islam aur Sayyidah Ruqayya رضی اللّٰہ تعالٰی عَنْہَا se Nikah﴿

Hazrat Usmaan Ghani رضی اللّٰہ تعالٰی عنہ farmate hai Main Bargah-e-Risalat Ma'ab صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمْ mey hazir hua to Huzoor صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمْ ne Irshad farmaya-Aye Usmaan Allah Taala tumko Jannat ki Taraf bulata hai. Tum isko qubool karo Main Allah ka Rasool hoon Jo Tumhari aur tamam Makhlooq ki taraf bheja gaya hoon. Hazrat Usmaan Ghani رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ farmate hai Khuda Taala hi behtar jaanta hai ke Inn Jumlo mey kya Asar tha ke Main Bey Qaboo hogaya aur Bey Ikhtiyaar hokar kehne laga:

اَشْھَدُ اَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدُ الرَّسُوْلُ اللّٰہِ aur musalman hogaya

Hazrat Usmaan Ghani رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ ke Sharf Islam se musharraf hone ke baad Rasoolullah صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمْ ne apni Sahibzadi Sayyidah Ruqayya رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا ko inki Zaojiyat mey de diya.

❮Alalat wa Rehlat❯

2 Hijri mey Sayyidah Ruqayya رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهَا Beemar hogayi. Aap ko Chechak nikal aane ki wajah se Kamzori iss qadar badh gayi ke Aap Sahibey Farash hogayi. Yahi Zamana Jang-e-Badar ki tayyari ka tha. Isliye Rasoolullah صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمْ ne Hazrat Usmaan Ghani رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُ aur Hazrat Usama bin Zaid رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُ ko Sahibzadi ki Teemaardari ke liye Madina Tayyiba mey teher ne ka Hukm diya aur Khud Jamaat Sahaba ke saath Jung-e-Badar mey tashreef le gaye. Ye Ramazan-ul-Mubarak ka mahina tha. Hijrat ko Ek Saal aur Ek Maah guzar chuke the ke Hazrat Sayyidah Ruqayya رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهَا ka Inteqaal hogaya. Ain uss waqt jab ke Sayyidah Ruqayya رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهَا ki Qabr Anwar par Mitthi daali jaa rahi thi. Hazrat Zaid bin Haarisa رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُ Fatah Jung-e-Badar ki Khush Khabri lekar Madina Tayyibah mey dakhil hue. Huzoor صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمْ ki tashref aawri par Hazrat Ruqayya رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهَا ki Wafaat ka Haal arz kiya gaya to Rasoolullah صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمْ ne Kamaaley Sabr aur Isteqamat ka Muzahira farmaya.

Ek riwayat mey hai ke Hazratey Sayyidah Fatima Zahra رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهَا Hazratey Sayyidah Ruqayya رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهَا ki Qabr Mubarak ke kinarey Huzoor صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمْ ke Pehlu-e-Mubarak mey baitkar kar apni Badi Behan ki judayi par Roney lagi. To Rasoolullah صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمْ apni chadar Mubarak ke Ghosho se apni Noor-e-Nazar ke Aansoo pochtey jate the.

❮Aulaad Mubarak❯

Hazratey Sayyidah Ruqayya رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهَا ke shikam Mubarak se Ek Farzand paida hue jinka Naam Abdullah رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُ tha aur Inhi ki wajah se Hazrat Usmaan Ghani رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُ ki Kunniyat Abu Abdullah رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُ thi. Ye Apni Walidah Sayyidah Ruqayya رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهَا ke Wisaal ke baad 4 Hijri mey Chey(6) baras ki Umr paa kar Inteqaal kar gaye.

❂❂❂

TEESRI SHAHZADI SAYYIDAH UMMEY KULSUM سَلامُ اللّٰهِ عَلَيْهَا

Sayyidah Ummey Kulsum رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهَا Abu Lahab ke betey Utaiba ke Nikah mey thi lekin Abu Lahab ke Majboor kar dene se Badh Naseeb Utaiba ne Inko rukhsati se qabl hi Talaaq de di aur Iss Zaalim ne Bargah-e-Nubuwwat mey Intehayi Gustaakhi bhi ki. Yahan tak ke Badh Zubaani karte hue Huzoor صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمْ par Jhapat pada aur Aap ke Muqaddas Pairahan ko Phad dala. Iss Gustakhi ki Be-Adabi se Aap ke Qalbey Naazuk par Intehayi Ranj aur Sadma guzra aur Aap ki Zubaan Mubarak se ye Alfaaz nikal padey. Ya Allah apne Kutto mey kisi Kuttey ko iss par Musallat farma dey. Iss Dua-e-Nabawi ka ye Asar hua ke Abu Lahab aur Utaiba dono Tijarat ke liye Ek Qafila ke saath Mulk-e-Shaam gaye aur wahan Ek Raahib ke paas Raat mey tehrey. Raahib ne Qafiley walo ko bataya ke yahan Darindey bahut hai Aap log zara hoshiyaar hokar soye. Ye sunkar Abu Lahab ne Qafiley walo se kaha ke Aye Logo Muhammad صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمْ ne Mere Betey Utaiba ke liye Halakat ki Dua kar di hai. Lihaza Tum log tamam Tijarati Samano ko Ikhattah karke Iss ke upar Utaiba ke bistar par laga do aur Sab log iss ke Ird Gird charo taraf So jao takey Mera Beta Darindey ke Hamley se Mehfooz rahey. Chunachey Qafiley walo ne Utaiba ki Hifazat ke poora poora bando bast kiya. Lekin Raat mey bilkul Nagaha ek Sher aaya aur Sabko Soonghta hue koodh kar Utaiba ke bistar par pahucha aur uske Sar ko Chaba dala. Logo ne har jagah Sher ko talash kiya magar kuch bhi pata nahi chal saka ke ye Sher kahan se aaya tha aur kidhar chala gaya.

Jab 2 Hijri mey Sayyidah Ruqayya رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهَا ka Inteqaal hua to Hazrat Usmaan Ghani رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُ iss Sadma se bahut zyada Maghmoom rehne lagey. Huzoor صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمْ ne apne Mahboob Damaad ki ye Halat dekhi to irshad farmaya Usmaan رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُ kya wajah hai ke Main tumko har waqt Ranj aur Alam mey Dooba hua pata hoon. Hazratey Usmaan Ghani رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُ ne arz kiya Ya Rasoolallah صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمْ Main Pareshan Na hoon to Kya karu ke Mujh par to wo Musibat padi hai jo kisi par Na padi hogi. Aapki Shahzadi ke Sanihaye Irtehaal ne mujhe Maghmoom kar diya hai.

Kyunke jo Rishta Qarabat Aap se wabasta tha ab Munqata hogaya hai aur Main iss Sharf se Mehroom hogaya hoon. **Abhi Hazrat** Usmaan Ghani رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ ki pur Malaal Guftugu Mukammal **Na hui** thi ke Rasoolullah صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمْ ne farmaya Usmaan ye dekho Jibraeel **Amin** عَلَیْہِ السَّلَامْ Mujhe Allah Taala ka Ye Hukm pahucha rahe hai ke Main apni **Beti** Ummey Kulsum رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا ko usi Meher par jo Meri beti Ruqayya رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا ka tha Tumharey Aqd mey de du. Chunachey Rasoolullah صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمْ ne Mahey Rabiul Awwal ko 3 Hijri ko Sayyidah Ummey Kulsum رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا ko Hazrat Usmaan Ghani رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ ke **Aqd mey** de diya aur Nikaah ke Do Maah baad Jamadi-ul-Aakhir 3 Hijri ko rukhsati amal mey aayi. Jab Huzoor صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمْ ne Hazrat AbuBakar Siddique رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ ko saath lekar Madina Munawwara ki taraf Hijrat farmayi thi to Apne Ahlo Eeyaal ko Makka Mukarrama mey hi chod diya tha. **Jab Makka** ke Halaat zyada naazuk aur Khatarnaak hogaye to Ummul Momineen Sayyidah Saoda رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا ki Ma'eyyat mey **Hazratey** Ummey **Kulsum** رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا aur Hazratey Fatima Zahra رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا Hijrat kar ke Madina Tayyibah aagayi.

❮Aulaad-e-Mubarak❯

Hazratey Sayyidah Ummey Kulsum رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا ke yahan koi Aulaad Na hui.

❮Sayyidah Ummey Kulsum رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا Ka Wisaal Mubarak❯

Sayyidah Ummey Kulsum رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا ne Shaadi ke Paach Saal guzarney baad Maah Shabaanul Muazzam 9 Hijri mey Inteqaal farmaya

Hazratey Asma bintey Umais رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا Hazratey Safiya bintey Abdul Muttallib رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا ne Ansaari Aurato ke saath jin mey Hazratey Ummey Atiyya رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا bhi shamil thi milkar inko Ghusl diya. Namaz-e-Janaza Huzoor صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمْ ne khud padhayi. Hazrat Abu Talha رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ, Hazrat Ali Murtaza رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ, Hazrat Fazal bin Abbas رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ aur Hazrat Usama bin Zaid رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ ne inko Qabr anwar mey utara.

Sayyidah Ummey Kulsum رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا ki Rehlat Mubarak se

Huzoor صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ ko Sakht Sadma pahucha. Huzoor صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ inki Qabr Anwar ke Qareeb hi tashreef farma the aur Aap ki Mubarak Aankho se Musalsal Aansoo beh rahe the. Huzoor صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ ne Sayyidah Ummey Kulsum رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهَا ki Wafaat ke baad Hazrat Usmaan Ghani رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ se farmaya agar Mere paas Teesri Beti hoti to usey bhi Tumharey Nikah mey de deta.



CHAOTHI SHAHZADI SAYYIDAH FATIMA ZAHRA سَلَامُ اللّٰهِ عَلَيْهَا

Tarikh-e-Wiladat : Aapki Wiladat Mubaraka Nubuwwat ke pehle Saal hui aur Uss waqt Huzoor صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ ki Umr Mubarak ka Iktaleeswa(41wa) Saal shuru tha.

Hazrat Ali رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ se Shadi : 15 Saal ki Umr Mubarak mey Aapka Nikaah Hazrat Ali ibney Abi Taalib رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ se hua. Uss waqt Hazrat Ali رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ ki Umr Mubarak Ikkees(21) Saal ki thi.

﴾Ummatey Muhammadiya ke liye Sayyidah ki Duaein﴿

Hazrat Sayyidina Imam Hasan عَلَيْهِ السَّلَام farmate hai ke Maine apni Walida Majida Sayyidah Fatima Zahra رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهَا ko Saari Saari Raat Ibadat aur Riyazat aur Allah Taala ke aagey Girya-o-Zaari aur Aajizi se Dua karte dekha hai. Magar Maine kabhi ye nahi dekha ke Dua mey apne liye koi darkhwast ki ho balkey Aapki Tamam Duaein Nanajaan ki Ummat ki Bakhshish aur Bhalayi ke liye hua karti thi.

﴾Sayyidah Fatima Zahra رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهَا ki Tarikh Wisaal﴿

Sayyidah Fatima Zahra رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهَا 11 Hijri ko Duniyawi Aalaiq ko Qata farmate hue Darbaar-e-Mustafa صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ mey tashreef le gayi.

﴾Sayyidah Fatima Zahra رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهَا ki Aulaad Mubarak﴿

Sayyidah Fatima Zahra رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهَا ko 3 Ladke aur 3 Ladkiyaa thi.

Shahzado ke Naam-e-Mubarak :

(1) Hazrat Sayyidina Imam Hasan عَلَيْهِ السَّلَام

(2) Hazrat Sayyidina Imam Hussain عَلَيْهِ السَّلَامُ

(3) Hazrat Sayyidina Mohsin عَلَيْهِ السَّلَامُ

Shahzadiyo ke Naam-e-Mubarak :

(1) Hazratey Sayyidah Zainab سَلَامُ اللّٰهِ عَلَيْهَا

(2) Hazratey Sayyidah Ummey Kulsum سَلَامُ اللّٰهِ عَلَيْهَا

(3) Hazratey Sayyidah Ruqayya سَلَامُ اللّٰهِ عَلَيْهَا

Hazrat Mohsin رَضِىَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ aur Sayyidah Ruqayya رَضِىَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهَا Ahad Tifliyat mey hi Allah Taala ko Pyarey hogaye.

Insha'allahu Taala Hazrat Ali رَضِىَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ , Hazratey Sayyidah Fatima Zahra رَضِىَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهَا, Hazrat Imam Hasan عَلَيْهِ السَّلَامُ aur Hazrat Imam Hussain عَلَيْهِ السَّلَامُ par Alag se Risaley mey Mufassal Tazkira aayega.

وَمَا عَلَيْنَا اِلَّا الْبَلَاغُ الْمُبِيْن



NAATEY SARWAREY KAINAAT صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمْ

Zamano se Makano Tak Muhammad hi Muhammad hai
Zamee'n se Aasmano Tak Muhammad hi Muhammad hai

Moiz Irfaa'n Muhammad ka Muhammad hi se Mumkin hai
Qidam se Nukta Daano tak Muhammad hi Muhammad hai

(Hazrat Moiz Uddin Quadri Multani رَحْمَةُ اللّٰهِ تَعَالٰى عَلَيْه)

Man Ra'ani ka Roshan Jamaal hai Aaqa
Naa Mil Sakegi Kabhi Aisi Misaal hai Aaqa

Hum Haq ki Deed ki Khatir Darey Nabi pe Chaley
Ke Zaatey Haq ka Saara Kamaal hai Aaqa

(Sayyad Kazim Hussaini)



ISS KITAB KI TALEEF MEY DARJEY ZAIL KITABO SE MADAD LI GAYI HAI

1. Seerat-e-Muhammadiya Tarjama Mawahibul Laduniyya-Allama Qustulaani رَحْمَةُ اللّٰهِ تَعَالٰى عَلَيْه
2. Madarijun Nubuwwa-Allama Shaikh Abul Haq Muhaddis Dehalvi رَحْمَةُ اللّٰهِ تَعَالٰى عَلَيْه
3. Ma'arijun Nubuwwa-Maolana Moin Waiz Al-Kashfi Al-Harbi رَحْمَةُ اللّٰهِ تَعَالٰى عَلَيْه
4. Nuzhatul Majalis- Imaam Abdur Rahmaan bin Abdus Salaam رَحْمَةُ اللّٰهِ تَعَالٰى عَلَيْه
5. Zia-un Nabi صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمْ -Allama Peer Karam Shah Azhari رَحْمَةُ اللّٰهِ تَعَالٰى عَلَيْه
6. Miladun Nabi صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمْ -Shaikhul Islam Allama Muhammad Tahirul Quadri
7. Khandaan-e-Mustafa صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمْ -Allama Sayyad Muhammad Saeedul Hasan Shah Quadri
8. Qasrey Arifaa'n-Moulvi Ahmad Ali Chishti Khairabai رَحْمَةُ اللّٰهِ تَعَالٰى عَلَيْه
9. Seerat-e-Mustafa صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمْ -Shaikhul Hadees Allama Abdul Mustafa Aazmi رَحْمَةُ اللّٰهِ تَعَالٰى عَلَيْه
10. Anwaar-e-Risalat-Proffesor Fazley Elahi Rashk
11. Jawami'ul Kilm-Malfoozat Khwaja Banda Nawaz رَحْمَةُ اللّٰهِ تَعَالٰى عَلَيْه Murattab-Sayyad Akbar Hussaini رَحْمَةُ اللّٰهِ تَعَالٰى عَلَيْه
12. Shaan-e-Rahmat-Allama Khaleel Muhammad Quraishi
13. Zikr-un Nabi wa Tazkiratul Haramain-Allama Hafiz Khursheed Ahmad